۱۳۔ یہ 5 عقیدے اتنے اہم ہیں

کہ

اللہ نے حضور سے، قــــل، کے ذریعہ باضابطہ اعلان کروایا کہ آپ ؐ اعلان کردیں کہ میرے پاس یہ چیزیں نہیں ہیں

اس عقیدے کے بارے میں 25 آیتیں اور 0 حدیثوں میں آپ ہر ایک کی تفصیل دیکھیں

یہ 5 عقیدے یہ ہیں

1۔۔حضور انسان ہی ہیں

2۔۔حضور کے ہاتھ میں نفع اور نقصان کا اختیار نہیں ہے

3۔۔حضور کو علم غیب نہیں ہے

4۔۔اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرنا چاہئے

5۔نجات کے لئے صرف حضورؐ کی اطاعت کریں

نوٹ: کچھ حضرات نے کچھ تفسیر کے جملے کو لیکر ان عقائد کے بارے میں لمبی لمبی بحثیں کی ہیں، اس لئے محققین فرماتے ہیں کہ علماء کو آگے والی آیتوں کو سامنے رکھ کر عقیدہ بیان کرنا چاہئے

1۔۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اعلان کروایا گیا کہ میں انسان ہوں

اس کے لئے آیتیں یہ ہیں

1۔قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھاکم الہ واحد۔(آیت۱۱۰،سورۃ الکہف ۱۸)

2۔قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھاکم الہ واحد۔(آیت۶،سورۃ فصلت۴۱)

3۔قل سبحان ربی ھل کنت الا بشرا رسولا ۔(آیت۹۳،سورت الاسراء۱۷)

4۔قالت لھم رسلھم ان نحن الا بشر مثلکم۔(آیت۱۱،سورۃ ابراہیم۱۴)

ان 4 آیتوں میں حضورؐ سے اعلان کروایا گیا ہے کہ، میں انسان ہی ہوں۔

۔حضورؐ سے باضابطہ یہ اعلان کروایا گیا کہ مجھے علم غیب نہیں ہے

اس کے لئے 8 آتیں یہ ہیں

1۔قل لا یعلم من فی السماوات والارض الغیب الا اللہ و ما یشعرون ایان یبعثون ۔
[آیت ۶۵ ،سورت النمل ۲۷﴾

2۔قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ و لا اعلم الغیب ۔(آیت ۵۰،سورت الانعام ۶)

3۔و لا اقول لکم عندی خزائن اللہ و لا اعلم الغیب۔(آیت ۳۱،سورت ہود ۱۱)

4۔قل انما الغیب للہ فانتظر انی معکم من المنتظرین .(آیت ۲۰،سورت یونس ۱۰)

5۔یسئلونک عن الساعۃ ایان مرساھا قل انما علمھا عند ربی لا یجلیھا لوقتھا الا ھوا۔(آیت ۱۸۷،سورت الاعراف ۷)

6۔یسئلک الناس عن الساعۃ قل انما علمھا عنداللہ ۔(آیت ۶۳ ،سورت الاحزاب ۳۳)

حضور ﷺ کو جو کچھ علم دیا گیا ہے وہ وحی کے ذریعہ دیا گیا ہے

اس کے لئے آیتیں یہ ہیں

7۔قل انما اتبع ما یوحی الی من ربی۔(آیت ۲۰۳،سورت الاعراف ۷)

8۔قل ما کنت بدعا من الرسل و ما ادری ما یفعل بی و لا بکم ان اتبع الا ما یوحی الی و ما انا الا نذیر مبین (آیت ۹،سورت الاحقاف ۴۶)

ان 8 آیتوں میں حضورؐ سے اعلان کروایا گیا ہے کہ، مجھے علم غیب نہیں ہے۔

3۔۔حضورؐ سے اعلان کروایا گیا کہ میں نفع اور نقصان کا مالک نہیں ہوں اس لئے مجھ سے مت مانگو، صرف اللہ سے مانگو

اس کے لئے آیتیں یہ ہیں

1۔قل لا املک لنفسی ضرا و لا نفعا الا ماشاء الله ۔(آیت۱۸۸،سورۃ الاعراف۷)

2۔قل لا املک لنفسی ضرا و لا نفعا الا ماشاء الله ۔(آیت۴۹،سورۃ یونس۱۰)

3۔قل انی لا املک لکم ضرا و لا رشدا ۔(آیت۲۱،سورۃ الجن۷۲)

4۔ ،قل انی لا املک لکم ضرا و لا رشدا (آیت۲۰،سورۃ الجن۷۲)

5۔ قل ما کنت بدعا من الرسل ، و ما ادری ما یفعل بی و لا بکم ، ان اتبع الا ما یوحی الی ۔(آیت۹،سورت الاحقاف ۴۶)

6۔قل فمن یملک لکم من الله شیئا ان اراد بکم ضرا اواراد بکم نفعا بل کان الله بما تعملون خبیرا ۔(آیت۱۱،سورت الفتح۴۸)

7۔قل انی لن یجیرنی من الله احدا و لن اجد من دونه ملتحدا ۔(آیت۲۱،سورۃ الجن۷۲)

8۔قل ما یکون لی ان ابدله من تلقاء نفسی۔(آیت۱۵،سورت یونس۱۰)

ان 8 آیتوں میں حضورؐ سے اعلان کروایا گیا ہے کہ، میں نفع اور نقصان کا مالک نہیں ہوں۔

4۔۔حضور ﷺ سے اعلان کروایا کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں

اس کے لئے آیتیں یہ ہیں

۔قل انما أدعوا ربی و لا اشرک به احدا ۔ (آیت۲۰،سورۃ الجن۷۲)

۔قل انما امرت ان اعبد الله و لا اشرک به۔(آیت۳۶،سورت الرعد۱۳)

ان 2 آیتوں میں حضورؐ سے اعلان کروایا گیا ہے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ہرگز نہ کریں

5۔ حضور ﷺ سے اعلان کروایا کہ نجات کے لئے حضور ﷺ کی اطاعت کریں

اس کے لئے آیتیں یہ ہیں

۔قل اطیعوا اللہ و الرسول فان تولوا فان اللہ لا یحب الکافرین ۔(آیت۳۲،سورت آل عمران۳)

۔قل اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول فان تولوا فانما علیہ ما حمل و علیکم ما حملتم و ان تطیعوہ تھتدوا ۔(آیت۵۴،سورت النور۲۴)

۔قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ و یغفر لک ذنوبکم ۔(آیت۳۱، سورت آل عمران۳)

ان 3 آیتوں میں ہے کہ آپؐ اعلان کر دیں کہ، اگر نجات چاہئے تو صرف حضور ﷺ کی اطاعت کریں